حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

تبصرہ نگار ذ۔ بخاری

کتاب: ”تفہیمات برائے حفاظ و حافظات“

مؤلف: محمد اسلم شیخوپوری ،صفحات: ۱۴۰، قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبہ حلیمیہ، سائٹ۔ کراچی

یہ کتاب ۱۱۴ تفہیمات، پر مشتمل ہے، جن کی بنیاد قرآن مجید کی ایک سو چودہ سورتیں ہیں۔ یہ کتاب حفظ و تجوید کے طلبہ و طالبات کیلئے لکھی گئی ہے۔ جس میں حافظ کے ساتھ ساتھ اس کے والدین اور اساتذہ کو بھی اُن کی ذمہ داری کا احساس دلایا گیا ہے۔ فضائل قرآن کے علاوہ فضائل حفظ قرآن بھی بڑی تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ مدرسین حفاظ اور طلباء و طالبات دونوں کیلئے یکساں مفید ہے۔ اس کتاب کا ہر مدرسہ میں موجود ہونا عمومی افادیت کا باعث ہوگا۔

طاہر بک ڈپو، صدر، کراچی، مکتبہ رحمانیہ اردو بازار، لاہور، مکتبہ سید احمد شہیدؒ اردو بازار لاہور اور مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ، ملتان سے مل سکتی ہے۔

کتاب: ”سراغِ زندگی“ تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی، صفحات: ۱۶۰ ، قیمت: ۶۰ روپے

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہؓ، خالق آباد۔ نوشہرہ

یہ کتاب ،مؤلف، کے اپنے الفاظ میں ،القاسم اکیڈمی کی ایک ادبی اور تاریخی پیشکش ہے۔ جس میں مؤلف نے اپنے مطالعے کے دوران پسند آنے، والے علم پرور واقعات اور اقوال اکٹھے کر دیئے ہیں۔ جن میں مولانا ابوالکلام آزادؒ کی منتخب تحریروں کے علاوہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ، مولانا محمد علی جوہرؒ، مفتی کفایت اللہ، اور مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے اقوال و ارشادات نقل کئے گئے ہیں۔ یہ جواہر پارے علم و ادب۔ کا مرقع اور اہل ذوق کیلئے تسکین قلب و نظر ہیں۔

صدیقیہ کتب خانہ، مہاجر بازار، اکوڑہ خٹک، ضلع نوشہرہ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

کتاب: ”عشاقِ قرآن کے ایمان افروز واقعات“

مؤلف: محمد اسلم شیخوپوری، صفحات: ۲۷۰، قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبہ حلیمیہ، سائٹ۔ کراچی

اس کتاب میں دادرِ نبوت سے دورِ حاضر تک کے ایسے پر اثر واقعات بیان کئے گئے ہیں۔ جن کے مطالعہ سے دل میں قرآن کریم کی عظمت، تلاوت کی اہمیت، فہم کی ضرورت، اصلاح کا احساس اور عمل کا جذبہ بیدار ہوتا ہے۔ پڑھ کر قارئین کا قرآن سے ٹوٹا ہوا رشتہ بحال ہوتا ہے۔ واقعات کے علاوہ کہیں کہیں بعض بزرگوں کے اقوال و ارشادات بھی نقل کئے گئے ہیں۔ طاہر بک ڈپو، صدر کراچی، مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور، مکتبہ سید احمد شہیدؒ اردو بازار لاہور، اور مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ، ملتان پر دستیاب ہے۔